بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Phone: {23766599 / 23233547}

Jamiat Ulama-i-Hind
1-Bahadur Shah Zafar Marg, New Delhi-110 002
E-mail : juh.org2010@gmail.com

جمعیۃ علماء الہند

Ref. No. JUH/LTR/2023/..............

Date ....سرکلر مجریہ

۶رشعبان المعظم ۱۴۴۴ھ
27رفروری2023ء

بابت اجلاس مجلس منتظمہ جمعیۃ علماء ہند

جمعیۃ علماء ہند کی مجلس منتظمہ کا اجلاس 19/ 20/ 21رمئی 2023 کو ممبئی میں ہوگا

جمعیۃ علماء ہند نے ملک وملت اور اسلامی تشخص کی حفاظت کے لئے جو وسیع تر خدمات انجام دی ہیں وہ تاریخ کا ایک روشن باب ہے، اس وقت ملک کے بدلتے ہوئے حالات میں ملک وملت کو ان گنت مسائل درپیش ہیں جن کا مقابلہ کرنے کے لئے مؤثر اور مضبوط اقدامات کی سخت ضرورت ہے، سیاسی، سماجی، اخلاقی، اقتصادی اور تعلیمی مسائل کا انبار لگا ہوا ہے، فرقہ واریت کا عفریت اپنے شباب پر ہے، اخلاقی قدروں کی پامالی کا رونا ساری قوم رو رہی ہے، پیار ومحبت اور صلح وآشتی کی قدیم روایات ملیامیٹ ہو رہی ہیں۔

ان حالات کے پیش نظر جمعیۃ علماء ہند نے اپنی سابقہ روایات کے مطابق مناسب ومؤثر لائحہ عمل تیار کرنے کے لئے ۲۸/۲۹/۳۰رشوال المکرم ۱۴۴۴ھ مطابق 19/ 20/ 21رمئی 2023 جمعہ، سنیچر، اتوار کو جمعیۃ علماء مہاراشٹرا کی دعوت پر عروس البلاد ممبئی میں اجلاس مجلس منتظمہ کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے۔

ارکان مرکزیہ مجلس منتظمہ سے اپیل ہے کہ وہ اس اعلان کی روشنی میں اپنے سفر کی ترتیب بنائیں جلد ہی دعوت نامہ اور ایجنڈا روانہ کر دیا جائے گا، انشاء اللہ۔

والسلام

(مفتی) سید معصوم ثاقب
ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند